روزنامہ جنگ
25 APR 2025

اشتہار برائے بھرتی کانسٹیبل، لیڈی کانسٹیبل، کانسٹیبل ڈولفن سکواڈ، ڈرائیور کانسٹیبل و ٹریفک اسسٹنٹ (پنجاب پولیس)

پنجاب پولیس میں کانسٹیلان، لیڈی کانسٹیلان، کانسٹیبل ڈولفن سکواڈ، ڈرائیور کانسٹیلان اور ٹریفک اسسٹنٹ سکیل نمبر 7 بمع مروجہ الاؤنسز کی خالی آسامیوں پر مندرجہ ذیل اضلاع میں بھرتی کی جا رہی ہے جس کیلئے متعلقہ اضلاع کے سکونتی امیدواران سے مندرجہ ذیل معیار کے مطابق مجوزہ فارم پر درخواستیں مطلوب ہیں۔ امیدواران کے لئے مندرجہ ذیل معیار پر پورا اترنا ضروری ہے۔

اہلیت برائے	کانسٹیبل ولیڈی کانسٹیبل	کانسٹیبل ڈولفن سکواڈ	ڈرائیور کانسٹیبل	ٹریفک اسسٹنٹ
نمبر شمار	ضلع جات	صرف قصور، راولپنڈی، سری، جہلم، اٹک اور چکوال میں	صرف ضلع سری میں	صرف ضلع راولپنڈی اور سری میں	صرف ضلع راولپنڈی اور سری میں
(1)	عمر	18 تا 22 سال	18 تا 22 سال	21 تا 30 سال	18 تا 22 سال
(2)	قد	(I) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (II) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ	(I) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 9 انچ (II) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 4 انچ	(I) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (II) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ	(I) برائے مرد امیدواران: کم از کم 5 فٹ 7 انچ (II) برائے خواتین امیدواران: کم از کم 5 فٹ 2 انچ
(3)	چھاتی	کم از کم 34" تا 37" (مرد امیدواران کیلئے)	کم از کم 34" تا 37" (مرد امیدواران کیلئے)	کم از کم 34" تا 37" (مرد امیدواران کیلئے)	کم از کم 34" تا 37" (مرد امیدواران کیلئے)
(4)	سکونت	امیدواران کا متعلقہ اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔	امیدواران کا متعلقہ ضلع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔	امیدواران کا متعلقہ اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔	امیدواران کا متعلقہ اضلاع کا سکونتی (ڈومیسائل) ہونا اور شناختی کارڈ کا حامل ہونا ضروری ہے۔
(5)	تعلیم	منظور شدہ بورڈ سے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ بمع پاس ایسوسی نمبر	منظور شدہ بورڈ سے ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ بمع پاس ایسوسی نمبر	منظور شدہ بورڈ سے سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ	منظور شدہ بورڈ سے ہائیر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (سیکنڈ ڈویژن)
(6)	دوڑ	(I) برائے مرد امیدواران: 1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔	(II) برائے خواتین امیدواران 1.6 کلومیٹر دوڑ 10 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔		
(7)	نظر کا معیار	---	---	---	نظر کی عدسہ یا شیشے کے ساتھ یا شیشے کے بغیر 6/9 ہو اور قریب کی نظر 1-1 سے کم نہ ہو۔
(8)	تجربہ	---	---	LTV ڈرائیونگ لائسنس حاصل کرنے کے بعد دو سال تجربہ (امیدواران کا ڈرائیونگ ٹیسٹ، میکینکل ٹیسٹ اور ہال وے کا ٹیسٹ بھی لیا جائے گا۔)	---

ہدایات برائے امیدواران

☆ خواہشمند امیدواران مجوزہ فارم، پنجاب پولیس کی ویب سائٹ http://punjabpolice.gov.pk/ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

☆ درخواست فارم مع تصدیق شدہ فوٹو کاپی اسناد ضروری کاغذات اور مبلغ 300 روپے (فارم فیس) متعلقہ ضلعی پولیس لائن میں مورخہ 28.04.2025 تا 12.05.2025 تک جمع کروائے جا سکتے ہیں۔

☆ بھرتی شیڈول کے متعلق معلومات تمام متعلقہ ضلعی پولیس لائن سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

☆ امیدواران کو قد، چھاتی، تعلیم اور عمر وغیرہ میں کوئی رعایت نہ دی جائے گی۔

☆ سرکاری و نیم سرکاری اداروں کے ملازم اپنا فارم اور درخواست محکمانہ توسط سے اجازت نامہ (NOC) لے کر جمع کروائیں۔ خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ امیدوار نااہل تصور ہوگا۔

مختص کوٹہ:۔ ☆ پانچ فیصد (05%) کوٹہ قانونی امیدواران کے لیے مختص ہوگا۔

☆ کانسٹیبل کی آسامیوں کا پندرہ فیصد (15%) کوٹہ خواتین کے لیے مختص ہوگا۔ جبکہ ٹریفک اسسٹنٹ کے لیے خواتین کا کوٹہ پانچ فیصد (05%) ہوگا۔

☆ صرف کانسٹیبل اور ڈرائیور کانسٹیبل کی آسامیوں کا دس فیصد (10%) کوٹہ سابقہ فوجیوں کے لیے مختص ہوگا۔ اور

- قد، چھاتی، تعلیم، سکونت = جو مندرجہ بالا اصول امیدواران کے لئے مخصوص ہے۔
- عمر = امیدوار کی موجودہ عمر سے اگر فوج کی مدت ملازمت منہا کی جائے تو اس کی بقایا عمر 22 سال یا اس سے کم ہونی چاہیے۔ علاوہ ازیں موجودہ عمر 40 سال سے زیادہ نہ ہو اور اسے ریٹائرڈ ہوئے 2 سال سے زیادہ عرصہ نہ ہو۔
- وہ ملازم جو طبی بنیاد پر یا کسی بھی انضباطی کارروائی کی وجہ سے فوج سے برخواست یا ریٹائرڈ ہوں گے اور درخواست دینے کے مجاز نہیں ہیں۔

نوٹ:۔ ☆ امیدواران کا قد، چھاتی کی پیمائش، دوڑ، ڈرائیونگ ٹیسٹ (صرف ڈرائیور کانسٹیبل)، تحریری امتحان اور انٹرویو لیا جائے گا۔

☆ وہ امیدواران جو پولیس ڈیپارٹمنٹ کی بنیاد پر اضافی نمبر لینا چاہتے ہیں وہ اپنے کلیم سے متعلقہ تمام کاغذات جیسا کہ پنشن بک، ریٹائرمنٹ آرڈر کی کاپی وغیرہ اپنی درخواست کے ساتھ منسلک کریں۔

☆ تمام امیدواران کو بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ کسی قسم کی ایف آئی آر (FIR) یا مقدمہ میں نامزد/ملوث/مطلوب نہ رہے ہیں۔ غلط بیان حلفی جمع کروانے کی صورت میں امیدوار کو پولیس میں بھرتی کے لیے نااہل قرار دے دیا جائے گا۔ اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ کسی مرحلہ پر بھی کریمنل ریکارڈ معلوم ہونے پر امیدوار نااہل تصور ہوگا۔

☆ اگر کسی بھی مرحلہ پر امیدوار کی تعلیمی اسناد، ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور میڈیکل سرٹیفکیٹ کی پڑتال کے دوران یہ کاغذات جعلی یا غیر تصدیق شدہ پائے گئے تو امیدوار کی بھرتی منسوخ کر دی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

☆ صرف وہ امیدواران جسمانی پیمائش کے اہل ہوں گے جن کی درخواستیں مکمل پائی جائیں گی۔ امیدوار کو انتخاب کے مختلف مراحل میں کیے جانے والے کسی قسم کے اخراجات کی ادائیگی نہ کی جائے گی۔ جسمانی پیمائش متعلقہ ضلعی پولیس لائن میں منعقد ہوگی۔

☆ راولپنڈی اور سری اضلاع میں اگر کوئی امیدوار ایک سے زیادہ آسامیوں کے لیے کوالیفائی کرے گا تو انٹرویو سے پہلے اس کو کسی ایک آسامی کا انتخاب کرنا ہوگا اور انٹرویو سے قبل اس سلسلہ میں بیان حلفی جمع کروانا ہوگا۔

☆ محکمہ کو اختیار ہوگا کہ وہ اس اشتہار کو جزوی طور پر تبدیل یا مکمل طور پر منسوخ کر دے۔

المشتہر:۔ ڈی آئی جی (اسٹیبلشمنٹ)
سنٹرل پولیس آفس لاہور

IPL-1528